منگل: یہ امام زین العابدین، امام محمد باقر اور امام جعفر صادق علیہم السلام کا دن ہے۔

## تینوں ائمہؑ کی زیارت

اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ يَا خُزَّانَ عِلْمِ اللهِ، اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ يَا تَرَاجِمَةَ وَحْيِ اللهِ، اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ يَا أَئِمَّةَ

سلام ہو آپ پر جو علم الٰہی کے خزینہ دار ہیں سلام ہو آپ پر جو وحی خدا کے ترجمان ہیں آپ پر

الْهُدَى، اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ يَا أَعْلامَ التُّقَى، اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ يَا أَوْلادَ رَسُولِ اللهِ أَنَا عَارِفٌ بِحَقِّكُمْ

سلام ہو جو ہدایت دینے والے امام ہیں آپ پر سلام ہو جو تقوی کے نشان ہیں آپ پر سلام ہو جو رسولؐ خدا

مُسْتَبْصِرٌ بِشَأْنِكُمْ مُعَادٍ لاَعْدَائِكُمْ مُوَالٍ لاَوْلِيَائِكُمْ بِأَبِي أَنْتُمْ وَأُمِّي صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْكُمْ

کے فرزند ہیں میں آپکے حق کو جانتا ہوں آپکی شان کو سمجھتا ہوں آپکے دشمنوں کا دشمن ہوں آپکے دوستوں کا دوست ہوں

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَتَوَالَى آخِرَهُمْ كَمَا تَوَالَيْتُ أَوَّلَهُمْ وَأَبْرَأُ مِنْ كُلِّ وَلِيجَةٍ دُونَهُمْ، وَأَكْفُرُ بِالْجِبْتِ

میرے ماں باپ آپ پر قربان آپ پر خدا کی رحمتیں ہوں اے معبود! میں انکے آخری سے ایسی محبت رکھتا ہوں جیسی انکے اول

وَالطَّاغُوتِ وَاللاَّتِ وَالْعُزَّى صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْكُمْ يَا مَوَالِيَّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ . اَلسَّلامُ

سے ہے اور انکے مقابل ہر گروہ سے دور ہوں اور جادوگر طاغوت اور لات وعزیٰ کا انکار کرتا ہوں اے میرے سردارو! آپ پر خدا کی رحمت اور

عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْعَابِدِينَ وَسُلالَةَ الْوَصِيِّينَ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا بَاقِرَ عِلْمِ النَّبِيِّينَ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ

برکت ہو آپ پر سلام ہو اے عابدوں کے سردار اور وصیوں کی اصل آپ پر سلام ہو اے انبیاء کے علم کو ظاہر کرنے والے آپ پر سلام ہو اے وہ صادق

يَا صَادِقاً مُصَدَّقاً فِي الْقَوْلِ وَالْفِعْلِ يَا مَوَالِيَّ هٰذَا يَوْمُكُمْ وَهُوَ يَوْمُ الثُّلاثَاءِ وَأَنَا فِيهِ ضَيْفٌ لَكُمْ وَ

جسکی تصدیق اسکے قول وفعل میں کی گئی۔ اے میرے تینوں سردارو! یہ منگل والا دن، آپ کا دن ہے اور میں اس میں آپکا مہمان ہوں اور آپکی پناہ میں

مُسْتَجِيرٌ بِكُمْ، فَأَضِيفُونِي وَأَجِيرُونِي بِمَنْزِلَةِ اللهِ عِنْدَكُمْ وَآلِ بَيْتِكُمُ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ .

ہوں لہذا آپ میری مہمانوازی کیجیے اور مجھے پناہ دیجیے خدا کے اس مقام کے واسطے جو آپکے نزدیک ہے اور اپنے پاک و پاکیزہ خاندان کے واسطے سے۔